# سماعت کی جانچ

## زبانی سرگرمی:

۱۔ کوّا کہاں جا کر بیٹھا؟

۲۔ لومڑی نے روٹی کا ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے کیا کِیا؟

۳۔ لومڑی نے کوّے کی تعریف کس طرح کی؟

۴۔ لومڑی سے اپنی تعریف سن کر کوّے پر کیا اثر ہوا؟

۵۔ کوّا کیوں منہ دیکھتا رہ گیا؟

۶۔ اس کہانی کا انجام بتاؤ۔

## عملی سرگرمی:

۱۔ اِس کہانی کو اپنے لفظوں میں بیان کرو۔

۲۔ چالاکی پر کوئی دوسری کہانی تلاش کر کے پڑھو اور سناؤ۔

### اساتذہ کے لیے ہدایت

اس درسی کتاب میں مواد برائے سماعت شامل ہے۔ یہ مواد اساتذہ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ اساتذہ طلبہ کو سننے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کریں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے منصوبہ بندی نہایت ضروری ہے کیونکہ منصوبہ بندی تدریس میں آسانیاں پیدا کرتی اور اسے مؤثر بناتی ہے۔ کتاب میں دیا ہوا درسی مواد 'برائے سماعت اور عملی کام' منصوبہ بندی میں اساتذہ کا معاون ثابت ہوگا۔ نمونے کے طور پر یہاں دو نظمیں اور دو کہانیاں دی جارہی ہیں۔ پہلے اساتذہ 'چالاک لومڑی' کی کہانی اپنے لفظوں میں بچوں کو سنا دیں۔ پھر اس کے کچھ فقرے ترتیب وار طلبہ کو سنا کر یا بورڈ پر لکھ کر ان فقروں کے مطابق لومڑی کی کہانی طلبہ سے کہلوائیں۔ اس عمل میں کہانی کے مواد کو بغور سننے کی بڑی اہمیت ہے۔ یہی عمل دیگر کہانیوں پر بھی دہرایا جاسکتا ہے جس کے لیے تعلیمی صندوق میں مہیا کردہ وسائل معاون ثابت ہوں گے۔

سماعت کے لیے منظوم مواد میں دو نظمیں شامل ہیں۔ پہلی نظم دراصل غیر حقیقی واقعات بیان کرتی ہے۔ اس میں کچھ ایسے واقعات رونما ہوتے دِکھائے گئے ہیں جو حقیقت میں واقع نہیں ہوسکتے۔ یہ بے معنی نظم ہے لیکن نظم کے لفظوں/ مصرعوں/ شعروں کی تکرار سے سماعت کرنے پر بے معنی واقعات میں ایک سلسلہ سا نظر آتا ہے۔ دوسری نظم 'جگنو' کا تعارف کراتی ہے۔ اس میں اللہ کی حمد، اخلاق پسندی اور فطرت کے حسن کی تعریف بھی نظر آتی ہے۔ اس کی بار بار سماعت سے طلبہ اگلے اسباق میں فطرت کے حسن اور انسانی سماجی اخلاق کی اہمیت سے واقف ہوتے ہیں۔ نظم کا حمد یہ مواد کتاب کے پہلے سبق 'حمد' سے ربط پیدا کرتا ہے۔

سماعت کے مواد کی تدریس وتفہیم میں بلند خوانی کی بہت اہمیت ہے۔ طلبہ کے کانوں میں زبان کی صحیح آوازیں پہنچنی ضروری ہیں تاکہ وہ صحیح سنیں اور آوازوں کی صحیح ادائیگی کریں۔